بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

In the name of Allah, the Gracious, the Merciful

EVENING DUROOS PACKAGE • MOSQUES & SALAT CENTRES

ʻAshra Taʻlim 2026

Saturday, 21 November – Sunday, 29 November 2026 (8 Duroos · Conditions I–X)

شام کے دروس برائے عشرہ تعلیم ۲۰۲۶ء

ہفتہ ۲۱ نومبر تا اتوار ۲۹ نومبر ۲۰۲۶ء (آٹھ دروس · دس شرائطِ بیعت)

Source Book: ***Conditions of Baiʻat and Responsibilities of an Ahmadi*** — Hazrat Mirza Masroor Ahmad, Khalifatul-Masih V (aa)

شرائطِ بیعت اور احمدی کی ذمہ داریاں

Schedule Note: Because members gather for the Friday Sermon of Hazrat Khalifatul-Masih V (aa) on Fridays (20 Nov & 27 Nov), no evening duroos are scheduled on Friday nights. To cover all 10 Conditions aligned with the three quizzes, Saturday nights pair two Conditions (**Sat 21 Nov: Conditions I & II**; **Sat 28 Nov: Conditions VIII & IX**).

Dars	Night	Condition(s)	Topic(s)
Dars 1	Sat 21 Nov	**I & II**	Abstaining from Shirk / Shunning Falsehood & Nine Moral Evils
Dars 2	Sun 22 Nov	**III**	Five Daily Prayers, Tahajjud, Durud & Istighfar
Dars 3	Mon 23 Nov	**IV**	Causing No Harm by Tongue or Hand
Dars 4	Tue 24 Nov	**V**	Fidelity to God in Trial & Prosperity
Dars 5	Wed 25 Nov	**VI**	Abandoning Un-Islamic Customs; Following Qur'an & Sunnah
Dars 6	Thu 26 Nov	**VII**	Abandoning Pride & Vanity; Living in Humility
Dars 7	Sat 28 Nov	**VIII & IX**	Holding Faith Dearer Than All Worldly Ties / Compassion & Service to God's Creatures
Dars 8	Sun 29 Nov	**X**	Bond of Brotherhood & Obedience in Everything Good

National Department of Taʻlim • Ahmadiyya Muslim Jamaʻat Canada • https://talim.ca/ashratalim

Dars 1: Saturday, 21 November 2026 — Conditions I & II (Covers Fri 20 & Sat 21 Nov)

Friday, 20 November has no evening dars due to the Friday Sermon of Hazrat Khalifatul-Masih V (aa); tonight covers Conditions I and II.

Condition I: Abstaining from Shirk (Conditions of Bai'at, Printed pp. 15–17)

Condition I

"The initiate shall solemnly promise that he/she shall abstain from shirk [associating any partner with God] right up to the day of his/her death."

Explaining About Shirk (Hazrat Khalifatul-Masih V (aa))

The Holy Prophet (sa) feared the spread of shirk in his ummah. One hadith states:

Narrative of Shaddad bin 'Aus (ra):

> "'Ubadah Bin Nasi told us about Shaddad Bin 'Aus that he was crying. He was asked, 'Why do you cry?' He replied, 'I have remembered something that I heard from the Holy Prophet (sa) and it has made me cry. I heard the Holy Prophet (sa) say that, "I fear about shirk and their secret desires in my ummah." I asked, "O Prophet of Allah, will your people be involved in shirk after you?" The Holy Prophet (sa) responded, "Yes, even though my people will not worship the sun and the moon, the idol and the stone, they will suffer from ostentations in their actions and they will be prey to their hidden desires. One of them will start the day fasting but then he will come across a desire and he will break the fast and indulge in his desire."'"

(Musnadu Ahmadabni Hanbal, vol. 4, p. 124, printed in Beirut)

Condition II: Shunning Falsehood & Nine Moral Evils (Conditions of Bai‘at, Printed pp. 21 & 25)

> **Condition II**
>
> **“That he/she shall keep away from falsehood, fornication/adultery, trespasses of the eye, debauchery, dissipation, cruelty, dishonesty, mischief and rebellion; and that he/she will not permit himself/herself to be carried away by passions, however strong they might be.”**

Commentary (Hazrat Khalifatul-Masih V (aa))

Nine kinds of sins are mentioned in this condition, and the initiate, everyone who claims to belong to the Jama‘at of the Promised Messiah (as), should eschew those sins. Indeed, falsehood is the greatest of all evils.

The Promised Messiah (as) says (al-Hajj, 22:31 — فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْأَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ ○ — “Shun therefore the abomination of idols and shun false speech.”):

> “Here the words falsehood and idolatry have been used in conjunction. Indeed, falsehood is an idol because otherwise no one would leave the truth. Just as an idol has nothing but artificial polish, so too, falsehood has no reality behind it. Those who tell lies lose their credibility so much that even when they speak the truth one thinks that perhaps there is an element of falsehood in it. If those who are given to telling lies want to cut down their habits, they will not find it easy; they have to struggle for a long time before they get used to speaking the truth.”

(Malfuzat, vol. 3, p. 350)

درس ۱ (ہفتہ ۲۱ نومبر ۲۰۲۶ء)—شرائطِ بیعت نمبر ۱ و ۲ (جمعہ ۲۰ اور ہفتہ ۲۱ نومبر)

جمعہ ۲۰ نومبر کو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ کے باعث شام کا درس نہیں ہے؛ آج رات شرط ۱ اور شرط ۲ شامل ہیں۔

شرطِ بیعت نمبر ۱: شرک سے اجتناب (شرائطِ بیعت اور احمدی کی ذمہ داریاں، صفحہ ۱۳—۱۵)

شرطِ بیعت نمبر ۱

”بیعت کنندہ سچے دل سے عہد اس بات کا کرے کہ آئندہ اس وقت تک کہ قبر میں داخل ہو شرک سے مجتنب رہے گا۔“

شرک سے اجتناب کرنے کے بارہ میں (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز)

آنحضرت ﷺ کو اپنی امت میں شرک کا خدشہ تھا۔ چنانچہ ایک حدیث ہے:

حدیثِ شداد بن اوس رضی اللہ عنہ:

”عبادہ بن نسی نے ہمیں شداد بن اوس کے بارہ میں بتایا کہ وہ رو رہے تھے۔ ان سے پوچھا گیا کہ آپ کیوں رو رہے ہیں؟ اس پر انہوں نے کہا: مجھے ایک ایسی چیز یاد آگئی تھی جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی تھی اس پر مجھے رونا آگیا۔ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا تھا آپ نے فرمایا: میں اپنی امت کے بارہ میں شرک اور مخفی خواہشوں سے ڈرتا ہوں۔ راوی کہتے ہیں: میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا آپ کی امت آپ کے بعد شرک میں مبتلا ہو جائے گی؟ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہاں! البتہ میری امت شمس و قمر، بتوں اور پتھروں کی عبادت تو نہیں کریں گے، مگر اپنے اعمال میں ریاء سے کام

لیں گے اور مخفی خواہشات میں مبتلا ہو جائیں گے۔ اگر ان میں سے کوئی روزہ دار ہونے کی حالت میں صبح کرے گا پھر اس کو اس کی کوئی خواہش معارض ہو گئی تو وہ روزہ ترک کر کے اس خواہش میں مبتلا ہو جائے گا۔"

(مسند احمد بن حنبل جلد ۴، صفحہ ۱۲۴، مطبوعہ بیروت)

شرطِ بیعت نمبر ۲: جھوٹ اور دیگر بُرائیوں سے بچنا (شرائطِ بیعت اور احمدی کی ذمہ داریاں، صفحہ ۱۹ و ۲۳)

شرطِ بیعت نمبر ۲

"یہ کہ جھوٹ اور زنا اور بد نظری اور ہر ایک فسق و فجور اور ظلم اور خیانت اور فساد اور بغاوت کے طریقوں سے بچتا رہے گا اور نفسانی جوشوں کے وقت ان کا مغلوب نہیں ہو گا اگرچہ کیسا ہی جذبہ پیش آوے۔"

تشریح (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز)

اس ایک شرط میں نو قسم کی برائیاں بیان کی گئی ہیں کہ ہر بیعت کرنے والے کو، ہر اس شخص کو جو اپنے آپ کو حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی جماعت میں شامل ہونے کا دعویٰ کرتا ہے ان برائیوں سے بچنا ہے۔ اصل میں تو سب سے بڑی برائی جھوٹ ہے۔

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں ــــ قرآن شریف نے جھوٹ کو بھی ایک نجاست اور رجس قرار دیا ہے۔ جیسا کہ فرمایا ہے: فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْأَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوا قَوْلَ الزُّوْرِ ○ (الحج آیت ۳۱):

"دیکھو یہاں جھوٹ کو بت کے مقابل رکھا ہے اور حقیقت میں جھوٹ بھی ایک بت ہی ہے۔ ورنہ کیوں سچائی کو چھوڑ کر دوسری طرف جاتا ہے۔ جیسے بت کے نیچے کوئی حقیقت نہیں ہوتی اسی طرح جھوٹ کے نیچے بجز ملمع سازی کے اور کچھ بھی نہیں ہوتا۔ جھوٹ بولنے والوں کا اعتبار یہاں تک کم ہو جاتا ہے کہ اگر وہ سچ کہیں تب بھی یہی خیال ہوتا ہے کہ اس میں

> بھی کچھ جھوٹ کی ملاوٹ نہ ہو۔ اگر جھوٹ بولنے والے چاہیں کہ ہمارا جھوٹ کم ہو جائے تو جلدی سے دور نہیں ہوتا۔ مدت تک ریاضت کریں تب جا کر سچ بولنے کی عادت ان کو ہو گی۔‘‘

(ملفوظات جلد سوم، صفحہ ۳۵۰)

مکمل روزانہ مطالعہ اور آن لائن کوئز: https://talim.ca/ashratalim

Dars 2: Sunday, 22 November 2026 — Condition III (Jalsa Seeratun Nabi (sa) — Concise Dars)

Kept concise for Jalsa Seeratun Nabi (sa). Covers five daily congregational Prayers and self-examination.

Five Daily Prayers, Tahajjud, Durud & Istighfar · Conditions of Bai'at, Printed pp. 51–52

Condition III

"That he/she shall regularly offer the five daily Prayers in accordance with the commandments of God and the Holy Prophet Muhammad (sa) and shall try his/her best to be regular in offering the tahajjud and invoking durud on the Holy Prophet Muhammad (sa). That he/she shall make it his/her daily routine to ask forgiveness for his/her sins, to remember the bounties of God and to praise and glorify Him."

Establishing Five Daily Prayers (Hazrat Khalifatul-Masih V (aa))

The first point mentioned in this condition is that the initiate will observe five daily Prayers in accordance with the commandment of Allah and His Messenger (sa). The commandment of Allah is that men and women as well as children who have reached the age of ten should offer Prayers at their appointed times.

Men have been commanded to establish five daily Prayers in congregation, to visit the mosques and inhabit them, and to search for the Grace of Allah. There is no concession in the matter of five daily Prayers. In cases of travel or sickness, some of the requirements have been made lenient, for instance combining Prayers or reducing the number of rak'at. The fact that only during sickness one is permitted not to go to mosque to join Prayers shows the importance of Prayer in congregation.

I will read some excerpts, but I wish to stress that everyone who takes the pledge should ponder that whereas we are making a pledge to sell ourselves, are we obeying this explicit commandment of the Holy Qur'an? Every Ahmadi has the duty to remind

himself. You should examine yourself, and watch your own actions. If we all start examining ourselves, a great revolution can be achieved.

Full bilingual daily readings & 3 short quizzes: https://talim.ca/ashratalim

درس ۲ (اتوار ۲۲ نومبر ۲۰۲۶ء) — شرطِ بیعت نمبر ۳ (جلسہ سیرت النبی ﷺ — مختصر درس)

جلسہ سیرت النبی ﷺ کی مناسبت سے مختصر رکھا گیا ہے۔ پنج وقتہ باجماعت نماز اور اپنا محاسبہ بیان کیا گیا ہے۔

شرائطِ بیعت اور احمدی کی ذمہ داریاں، صفحہ ۴۷–۴۸

شرطِ بیعت نمبر ۳

”یہ کہ بلاناغہ پنج وقتہ نماز موافق حکم خدا اور رسول کے ادا کرتا رہے گا۔ اور حتی الوسع نماز تہجد کے پڑھنے اور اپنے نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنے اور ہر روز اپنے گناہوں کی معافی مانگنے اور استغفار کرنے میں مداومت اختیار کرے گا۔ اور دلی محبت سے خدا تعالیٰ کے احسانوں کو یاد کر کے اس کی حمد اور تعریف کو اپنا ہر روزہ ورد بنائے گا۔“

پنج وقتہ نمازوں کا التزام (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز)

اس شرط میں جو باتیں بیان کی گئی ہیں ان میں نمبر ایک تو یہی ہے کہ اللہ اور رسول کے حکم کے مطابق پانچ وقت نمازیں بلاناغہ ادا کرے گا۔ اللہ اور رسول کا حکم ہے مردوں اور عورتوں دونوں کے لئے۔ اور ان بچوں کے لئے بھی جو دس سال کی عمر کو پہنچ چکے ہیں کہ نماز وقت پر ادا کرو۔

مردوں کے لئے یہ حکم ہے کہ نماز باجماعت کی ادائیگی کا اہتمام کرو۔ مسجدوں میں جاؤ، ان کو آباد کرو۔ اس کے فضل تلاش کرو۔ پنج وقتہ نماز کے بارہ میں کوئی چھوٹ نہیں۔ سفر میں بھی کچھ رعایت ہے یا بیماری میں بھی رعایت ہے جیسے جمع کر لو، قصر کر لو۔ اور اگر بیماری میں مسجد نہ جانے کی چھوٹ ہے تو ان باتوں سے اندازہ ہو جانا چاہئے کہ نماز باجماعت کی کتنی اہمیت ہے۔ اس کی اہمیت کے بارہ میں اب میں مزید کچھ اقتباسات پڑھتا ہوں لیکن یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہر بیعت کنندہ کو اپنا جائزہ لینا چاہئے کہ ہم اپنے آپ کو بیچنے کا عہد کر رہے ہیں لیکن کیا اس واضح قرآنی حکم کی پابندی بھی کر رہے ہیں۔ ہر احمدی اپنے نفس کے لئے

خود مذکّر ہے، خود اپنا جائزہ لیں، خود دیکھیں۔ اگر ہم خود ہی اپنے آپ کو، اپنے نفس کو ٹٹولنے لگیں تو ایک عظیم انقلاب برپا ہو سکتا ہے۔

مکمل روزانہ مطالعہ اور آن لائن کوئز: https://talim.ca/ashratalim

Dars 3: Monday, 23 November 2026 — Condition IV (Quiz 1 Opens Today)

Covers Condition IV. Quiz 1 (Conditions I–III) opens online today at https://talim.ca/ashratalim.

Causing No Harm by Tongue or Hand · Conditions of Bai'at, Printed pp. 77 & 87–88

Condition IV

"That under the impulse of any passions, he/she shall cause no harm whatsoever to the creatures of God in general and Muslims in particular, neither by his/her tongue, hands, nor any other means."

Commentary (Hazrat Khalifatul-Masih V (aa))

As is clear from this condition, one should not cause harm whether by one's hands or by one's tongue in a fit of anger, under the pretext of one's self-respect or honour.

The Promised Messiah (as) said:

> "A man should not be conceited, nor indecent, nor ill-mannered towards the fellow beings. He should act with love and goodness and should not bear ill-will towards anyone for personal reasons. He should behave firmly or gently in accordance with the occasions or conditions."

(Malfuzat, new edition, vol. 5, p. 609)

With respect to meekness and humility the Promised Messiah (as) says:

> "...Make your habits decent. Shun anger, replacing it with gentleness and meekness. Along with adopting good morals you should give charity as well: "يُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا وَّاَسِيْرًا ○" (ad-Dahr, 76:9). Which means that for seeking the pleasure of God you feed the poor, the orphans, and the needy, and you say that you perform these acts only for the pleasure of the Almighty Allah, and you

> fear that extremely terrible Day. In brief, pray, ask forgiveness and keep giving charity, so that the Almighty Allah may deal with you with His Grace and Mercy."

(Malfuzat, new edition, vol. 1, pp. 134–135)

Full bilingual daily readings & 3 short quizzes: https://talim.ca/ashratalim

درس ۳(پیر ۲۳نومبر ۲۰۲۶ء)—شرطِ بیعت نمبر ۴(کوئز ۱آج کھلتا ہے)

آج شرط ۴کا درس ہے۔ کوئز ۱(شرائط ۱تا۳)آج آن لائن کھل رہا ہے۔

شرائطِ بیعت اور احمدی کی ذمہ داریاں، صفحہ ۷۲و۸۳—۸۴

شرطِ بیعت نمبر ۴

”یہ کہ عام خلق اللہ کو عموماً اور مسلمانوں کو خصوصاً اپنے نفسانی جوشوں سے کسی نوع کی ناجائز تکلیف نہیں دے گا۔ نہ زبان سے نہ ہاتھ سے نہ کسی اور طرح سے۔“

تشریح (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز)

جیسا کہ اس شرط سے واضح ہے کہ غصہ میں آکر، مغلوب الغضب ہو کر، اپنی انا کا مسئلہ بنا کر، اپنی جھوٹی غیرت کا اظہار کرتے ہوئے نہ ہی اپنے ہاتھ سے نہ ہی زبان سے کسی کو دکھ نہیں دینا۔

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

”انسان کو چاہئے شوخ نہ ہو۔ بے حیائی نہ کرے۔ مخلوق سے بدسلوکی نہ کرے۔ محبت اور نیکی سے پیش آوے۔ اپنی نفسانی اغراض کی وجہ سے کسی سے بغض نہ رکھے۔ سختی اور نرمی مناسب موقع اور مناسب حال کرے۔“

(ملفوظات جلد ۵، صفحہ ۶۰۹، جدید ایڈیشن)

پھر فروتنی اور عاجزی کے بارہ میں آپؑ نے فرمایا:

”عاداتِ انسانی کو شائستہ کریں۔ غضب نہ ہو۔ تواضع اور انکساری اس کی جگہ لے لے۔ اخلاق کی درستی کے ساتھ اپنے مقدور کے موافق صدقات کا دینا بھی اختیار کرو۔ يُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا وَّاَسِيْرًا ○ (سورۃ الدہر آیت ۹) یعنی خدا کی رضا کے لئے مسکینوں اور یتیموں اور اسیروں کو کھانا دیتے ہیں اور کہتے ہیں

> کہ خاص اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے ہم دیتے ہیں اور اس دن سے ہم ڈرتے ہیں جو نہایت ہی ہولناک ہے۔ قصہ مختصر دعا سے، توبہ سے کام لو اور صدقات دیتے رہو تا کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم کے ساتھ تم سے معاملہ کرے۔‘‘

(ملفوظات جلد اول، صفحہ ۱۳۴–۱۳۵، جدید ایڈیشن)

Dars 4: Tuesday, 24 November 2026 — Condition V

Covers Condition V.

Fidelity to God in Trial & Prosperity · Conditions of Bai'at, Printed pp. 91 & 98–99

Condition V

"That he/she shall remain faithful to God in all circumstances of life, in sorrow and in happiness, in adversity and in prosperity, in felicity and in trial; and that he/she shall in all conditions remain resigned to the decree of God and keep himself/herself ready to face all kinds of indignities and sufferings in His way and shall never turn away from Him at the onslaught of any misfortune; on the contrary, he/she shall march forward."

Commentary (Hazrat Khalifatul-Masih V (aa))

Allah the Almighty says in the Holy Qur'an: "And of men there is he who would sell himself to seek the pleasure of Allah; and Allah is Compassionate to His servants." (al-Baqarah, 2:208)

The Promised Messiah (as) says:

> "Every true believer passes through such circumstances. If he becomes His with sincerity and fidelity, Allah becomes his friend. But if the structure of faith is weak, there are dangers. We have no knowledge of the secrets of anybody's heart... but anyone who totally belongs to God receives His protection. Although He is the God of everyone, He manifests especially to those who hand themselves over to God. To hand oneself over to God means that the self be totally demolished and nothing should remain of it. That is why I tell my Jama'at again and again that they should take no pride in taking the pledge. If the heart is not purified, there is no merit in placing their hands in my hand.... But anyone who makes a true pledge attains forgiveness of even major sins and receives a new life."

(Malfuzat, new edition, vol. 3, p. 65)

درس ۴ (منگل ۲۴ نومبر ۲۰۲۶ء)—شرطِ بیعت نمبر ۵

آج شرط ۵ کا درس ہے۔

شرائطِ بیعت اور احمدی کی ذمہ داریاں، صفحہ ۸۷ و ۹۵—۹۶

شرطِ بیعت نمبر ۵

”یہ کہ ہر حال رنج اور راحت اور عُسر اور یُسر اور نعمت اور بلا میں خدا تعالیٰ کے ساتھ وفاداری کرے گا اور بہر حالت راضی بقضا ہو گا اور ہر ایک ذلت اور دُکھ کے قبول کرنے کے لئے اُس کی راہ میں تیار رہے گا اور کسی مصیبت کے وارد ہونے پر اس سے منہ نہیں پھیرے گا بلکہ آگے قدم بڑھائے گا۔“

تشریح (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز)

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے: وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ ○ (البقرہ: آیت ۲۰۸)۔ اور لوگوں میں سے ایسا بھی ہے جو اپنی جان اللہ کی رضا کے حصول کے لئے بیچ ڈالتا ہے اور اللہ بندوں کے حق میں بہت مہربانی کرنے والا ہے۔

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

”ہر مؤمن کا یہی حال ہوتا ہے اگر وہ اخلاص اور وفاداری سے اس کا ہو جاتا ہے تو خدا تعالیٰ اس کا ولی بنتا ہے لیکن اگر ایمان کی عمارت بوسیدہ ہے تو پھر بے شک خطرہ ہوتا ہے۔ ہم کسی کے دل کا حال تو جانتے ہی نہیں۔ لیکن جب خالص خدا ہی کا ہو جاوے تو خدا تعالیٰ اس کی خاص حفاظت کرتا ہے۔ اگرچہ وہ سب کا خدا ہے مگر جو اپنے آپ کو خاص کرتے ہیں ان پر خاص تجلی کرتا ہے اور خدا کے لئے خاص ہونا یہی ہے کہ نفس بالکل چکنا چور ہو کر اس کا کوئی ریزہ باقی نہ رہ جائے۔ اس لئے میں

بار بار اپنی جماعت کو کہتا ہوں کہ بیعت پر ہر گز ناز نہ کرو۔ اگر دل پاک نہیں ہے ہاتھ پر ہاتھ رکھنا کیا فائدہ دے گا..... مگر جو سچا اقرار کرتا ہے اس کے بڑے بڑے گناہ بخشے جاتے ہیں اور اس کو ایک نئی زندگی ملتی ہے۔"

(ملفوظات جلد سوم، صفحہ ۶۵، جدید ایڈیشن)

Dars 5: Wednesday, 25 November 2026 — Condition VI

Covers Condition VI.

Abandoning Un-Islamic Customs; Following Qur'an & Sunnah · Conditions of Bai'at, Printed pp. 103–104

Condition VI

"That he/she shall refrain from following un-Islamic customs and lustful inclinations and shall completely submit himself/herself to the authority of the Holy Qur'an; and that he/she shall make the Word of God and the sayings of the Holy Prophet Muhammad (sa) his/her guiding principles in every walk of his/her life."

Commentary (Hazrat Khalifatul-Masih V (aa))

The Promised Messiah (as) admonishes us not to follow the un-Islamic customs that people have added to their faith because of the influence of the society in which they live. These customs have been adopted from other religions. For example, there are some frivolous customs during celebrations of marriage—like showing off the dowry given to the bride by her groom's family, or the gifts brought by them, or publicly displaying the dowry given to the bride by her own family. There is quite a show. Islam only enjoins haq mehr [bride's due right] to be publicly announced as a part of the religious marriage ceremony. All other customs are frivolous. First, when showing off the dowry from either side, those who are well-off want to show that they are giving more than their counterparts did in their marriage. All of this is worldly competition and show.

Full bilingual daily readings & 3 short quizzes: https://talim.ca/ashratalim

درس ۵ (بدھ ۲۵ نومبر ۲۰۲۶ء) — شرطِ بیعت نمبر ۶

آج شرط ۶ کا درس ہے۔

شرائطِ بیعت اور احمدی کی ذمہ داریاں، صفحہ ۱۰۱–۱۰۲

شرطِ بیعت نمبر ۶

”یہ کہ اتباعِ رسم اور متابعتِ ہوا و ہوس سے باز آجائے گا اور قرآن شریف کی حکومت کو بکلی اپنے سر پر قبول کرے گا اور قَالَ اللّٰہ اور قَالَ الرَّسُوْل کو اپنے ہر یک راہ میں دستور العمل قرار دے گا۔“

تشریح (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز)

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام فرما رہے ہیں کہ تم میرے سے اس بات پر بھی عہد بیعت کرو کہ رسم و رواج کے پیچھے نہیں چلو گے۔ ایسے رسم و رواج جو تم نے دین میں صرف اور صرف اس لئے شامل کر لئے ہیں کہ تم جس معاشرے میں رہ رہے ہو اس کا وہ حصہ ہیں۔ دوسرے مذاہب میں چونکہ وہ رسمیں تھیں اس لئے تم نے بھی اختیار کر لیں۔ مثلاً شادی بیاہ کے موقع پر بعض فضول قسم کی رسمیں ہیں۔ جیسے بری کو دکھانا یا وہ سامان جو دولہا والے دلہن کے لئے بھیجتے ہیں اس کا اظہار، پھر جہیز کا اظہار۔ باقاعدہ نمائش لگائی جاتی ہے۔ اسلام تو صرف حق مہر کے اظہار کے ساتھ نکاح کا اعلان کرتا ہے۔ باقی سب فضول رسمیں ہیں۔ ایک تو بری یا جہیز کی نمائش سے ان لوگوں کا مقصد جو صاحبِ توفیق ہیں صرف بڑائی کا اظہار کرنا ہوتا ہے کہ دیکھ لیا! ہمارے شریکوں نے بھائی بہن یا بیٹا بیٹی کو شادی پر جو کچھ دیا تھا ہم نے دیکھو کس طرح اس سے بڑھ کر دیا ہے۔ صرف مقابلہ اور نمود و نمائش ہے۔

مکمل روزانہ مطالعہ اور آن لائن کوئز: https://talim.ca/ashratalim

Dars 6: Thursday, 26 November 2026 — Condition VII (Quiz 2 Opens Today)

Covers Condition VII. Quiz 2 (Conditions IV–VI) opens online today.

Abandoning Pride & Vanity; Living in Humility · Conditions of Bai'at, Printed pp. 121 & 131–132

Condition VII

"That he/she shall entirely give up pride and vanity and shall pass all his/her life in humbleness, cheerfulness, forbearance and meekness."

The Promised Messiah (as) says:

> "Arrogance is a most dangerous disease. Whoever develops this meets spiritual death. I know most certainly that this disease is worse than murder. An arrogant person turns into Satan's brother because it was arrogance alone that disgraced Satan. Therefore, it is a prerequisite for a believer that he should not have arrogance; rather, he is required to have humility and meekness. Those who are divinely appointed have humility of the highest order. The Holy Prophet (sa) had this quality more than anyone else. One of his servants was asked as to how he was treated. He replied that the truth was that he was served by the Holy Prophet (sa) more than he served him. (O Allah, bless Muhammad and his people and grant them Thy bounties and peace.)"

(Malfuzat, new edition, vol. 4, pp. 437–438)

Full bilingual daily readings & 3 short quizzes: https://talim.ca/ashratalim

درس ۶ (جمعرات ۲۶ نومبر ۲۰۲۶ء)—شرطِ بیعت نمبر ۷ (کوئز ۲ آج کھلتا ہے)

آج شرط ۷ کا درس ہے۔ کوئز ۲ (شرائط ۴ تا ۶) آج آن لائن کھل رہا ہے۔

شرائطِ بیعت اور احمدی کی ذمہ داریاں، صفحہ ۱۲۱ و ۱۳۱—۱۳۲

شرطِ بیعت نمبر ۷

"یہ کہ تکبر اور نخوت کو بکلی چھوڑ دے گا اور فروتنی اور عاجزی اور خوش خلقی اور حلیمی اور مسکینی سے زندگی بسر کرے گا۔"

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

"تکبّر بہت خطرناک بیماری ہے جس انسان میں یہ پیدا ہو جاوے اس کے لئے رُوحانی موت ہے۔ میں یقیناً جانتا ہوں کہ یہ بیماری قتل سے بھی بڑھ کر ہے۔ متکبّر شیطان کا بھائی ہو جاتا ہے۔ اس لئے کہ تکبّر ہی نے شیطان کو ذلیل و خوار کیا۔ اس لئے مومن کی یہ شرط ہے کہ اس میں تکبّر نہ ہو بلکہ انکسار، عاجزی، فروتنی اس میں پائی جائے اور یہ خدا تعالیٰ کے ماموروں کا خاصہ ہوتا ہے ان میں حد درجہ کی فروتنی اور انکسار ہوتا ہے اور سب سے بڑھ کر آنحضرت ﷺ میں یہ وصف تھا۔ آپ کے ایک خادم سے پوچھا گیا کہ تیرے ساتھ آپ کا کیا معاملہ ہے۔ اس نے کہا کہ سچ تو یہ ہے کہ مجھ سے زیادہ وہ میری خدمت کرتے ہیں۔ (اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ)"

(ملفوظات جلد چہارم، صفحہ ۴۳۷—۴۳۸، جدید ایڈیشن)

مکمل روزانہ مطالعہ اور آن لائن کوئز: https://talim.ca/ashratalim

Dars 7: Saturday, 28 November 2026 — Conditions VIII & IX (Covers Fri 27 & Sat 28 Nov)

> *Friday, 27 November has no evening dars due to the Friday Sermon of Hazrat Khalifatul-Masih V (aa); tonight covers Conditions VIII and IX.*

Condition VIII: Holding Faith Dearer Than All Worldly Ties (Conditions of Bai'at, Printed p. 139)

> Condition VIII
>
> **"That he/she shall hold faith, the honour of faith and the cause of Islam dearer than his/her life, wealth, honour, children, and all loved ones."**

Commentary (Hazrat Khalifatul-Masih V (aa))

The pledge to prefer faith over the world is a pledge that everyone who is constantly linked with the Jama'at and attends meetings and ijtima'at repeats over and over again. Banners are set up at every ijtima', jalsah, etc. Often, one of these banners displays the idea of giving preference to faith over the world. Why has this matter been given so much importance? Without it, faith cannot survive. It is not an easy task to act upon this requirement. To achieve it, one should constantly ask for Allah's help. This high standard can only be established with His grace.

Condition IX: Compassion & Service to God's Creatures (Conditions of Bai'at, Printed pp. 149–150 & 164)

> Condition IX
>
> **"That he/she shall keep himself/herself occupied in the service of God's creatures for His sake only and shall endeavour towards the beneficence of mankind to the best of his/her God-given abilities and powers."**

Kind Treatment to All (Hazrat Khalifatul-Masih V (aa))

Allah the Almighty says in the Holy Qur'an: "And worship Allah and associate naught with Him, and show kindness to parents, and to kindred, and orphans, and the needy,

and to the neighbour that is a kinsman and the neighbour that is a stranger, and the companion by your side, and the wayfarer, and those whom your right hands possess. Surely, Allah loves not the proud and the boastful." (al-Nisa', 4:37) In this verse, Allah the Almighty commands not only to treat your brothers, your near ones, your relatives, your acquaintances, and your neighbors kindly, but also be compassionate to them, help them if they are in need, and be beneficent to the best of your ability to even those people whom you do not know and have no relationship or association with. And be beneficent to those whom you have only met temporarily. If they are in need of your sympathy or your help and can benefit from you, then you must help them.

The Promised Messiah's (as) advice on kindness to humanity, particularly the kindness and help for your brethren, was explained on one occasion:

> "My condition is that if someone is in pain and his cry reaches me, even if I am in Prayer I feel like breaking my Prayer so that I may help him if he can benefit from it. I should show compassion to him as much as I am capable. This is against good morals that one should not assist his brother in distress or hardship. If you cannot do anything for him, you should at least pray for him. You should apply the same morals towards strangers and Hindus, not just your brethren, and you should show compassion to them all. One should never be careless and unconcerned. Once I was out walking and someone named 'Abdul Karim was with me. He was a little ahead of me. Along the way, we met an old lady of seventy or seventy-five years. She gave him a letter to read for her, but he scolded her and pushed her aside, and it grieved me. She gave me the letter. I stopped and read it, and I explained it to her thoroughly. This embarrassed him, because he had to stop and wait anyway even though he was deprived of the reward."

(Malfuzat, new edition, vol. 4, pp. 82–83)

درس ۷ (ہفتہ ۲۸ نومبر ۲۰۲۶ء) — شرائطِ بیعت نمبر ۸ و ۹ (جمعہ ۲۷ اور ہفتہ ۲۸ نومبر)

جمعہ ۲۷ نومبر کو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ کے باعث شام کا درس نہیں ہے؛ آج رات شرط ۸ اور شرط ۹ شامل ہیں۔

شرطِ بیعت نمبر ۸: دین کو دنیا پر مقدم رکھنا (شرائطِ بیعت اور احمدی کی ذمہ داریاں، صفحہ ۱۳۹)

شرطِ بیعت نمبر ۸

”یہ کہ دین اور دین کی عزت اور ہمدردیِ اسلام کو اپنی جان اور اپنے مال اور اپنی عزت اور اپنی اولاد اور اپنے ہر یک عزیز سے زیادہ تر عزیز سمجھے گا۔“

تشریح (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز)

دین کو دنیا پر مقدم کرنے کا عہد ایک ایسا عہد ہے کہ جماعت کا ہر وہ فرد جس کا جماعت کے ساتھ باقاعدہ رابطہ ہے، اجلاسوں اور اجتماعوں وغیرہ میں شامل ہوتا ہے وہ اس عہد کو بارہا دہراتا ہے۔ ہر اجتماع اور ہر جلسہ وغیرہ میں بھی بینرز لگائے جاتے ہیں اور اکثر ان میں یہ بھی ہوتا ہے کہ دین کو دنیا پر مقدم رکھوں گا۔ کیوں اس بات کو اتنی اہمیت دی گئی ہے؟ اس لئے کہ اس کے بغیر ایمان قائم ہی نہیں رہ سکتا۔ اس پر عمل کرنا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ اس لئے اس کے حصول کے لئے ہر وقت، ہر لحظہ اللہ تعالیٰ سے مدد مانگتے رہنا چاہئے۔ اس کا فضل ہی ہو تو یہ اعلیٰ معیار قائم ہو سکتا ہے۔

شرطِ بیعت نمبر ۹: عام خلقِ اللہ کی ہمدردی اور خدمتِ انسانیت (شرائطِ بیعت اور احمدی کی ذمہ داریاں، صفحہ ۱۴۷—۱۴۸ و ۱۶۲—۱۶۳)

شرطِ بیعت نمبر ۹

”یہ کہ عام خلق اللہ کی ہمدردی میں محض لِلّٰہ مشغول رہے گا اور جہاں تک بس چل سکتا ہے اپنی خداداد طاقتوں اور نعمتوں سے بنی نوع کو فائدہ پہنچائے گا۔“

سب کے ساتھ حسن سلوک کی تعلیم (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز)

اللہ تعالیٰ قرآن شریف میں فرماتا ہے: وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرًا ○ (النساء آیت ۳۷)۔ اس کا ترجمہ یہ ہے: اور اللہ کی عبادت کرو اور کسی چیز کو اس کا شریک نہ ٹھہراؤ اور والدین کے ساتھ احسان کرو اور قریبی رشتہ داروں سے بھی اور یتیموں سے بھی اور مسکین لوگوں سے بھی اور رشتہ دار ہمسایوں سے بھی اور غیر رشتہ دار ہمسایوں سے بھی اور اپنے ہم جلیسوں سے بھی اور مسافروں سے بھی اور ان سے بھی جن کے تمہارے داہنے ہاتھ مالک ہوئے۔ یقیناً اللہ اس کو پسند نہیں کرتا جو متکبر (اور) شیخی بگھارنے والا ہو۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ نہ صرف اپنے بھائیوں، عزیزوں، رشتہ داروں، اپنے جاننے والوں، ہمسایوں سے حسن سلوک کرو، ان سے ہمدردی کرو اور اگر ان کو تمہاری مدد کی ضرورت ہے تو اُن کی مدد کرو، ان کو جس حد تک فائدہ پہنچا سکتے ہو فائدہ پہنچاؤ۔ بلکہ ایسے لوگ، ایسے ہمسائے جن کو تم نہیں بھی جانتے، تمہاری ان سے کوئی رشتہ داری یا تعلق داری بھی نہیں ہے جن کو تم عارضی طور پر ملے ہو ان کو بھی اگر تمہاری ہمدردی اور تمہاری مدد کی ضرورت ہے، اگر ان کو تمہارے سے کچھ فائدہ پہنچ سکتا ہے تو ان کو ضرور فائدہ پہنچاؤ۔

بنی نوع انسان کی ہمدردی خصوصاً اپنے بھائیوں کی ہمدردی اور حمایت پر نصیحت کرتے ہوئے ایک موقعہ پر حضرت اقدس مسیح

موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ :

> ”میری تو یہ حالت ہے کہ اگر کسی کو درد ہوتا ہو اور میں نماز میں مصروف ہوں، میرے کان میں اس کی آواز پہنچ جاوے تو میں یہ چاہتا ہوں کہ نماز توڑ کر بھی اگر اس کو فائدہ پہنچا سکتا ہوں تو فائدہ پہنچاؤں اور جہاں تک ممکن ہے اس سے ہمدردی کروں۔ یہ اخلاق کے خلاف ہے کہ کسی بھائی کی مصیبت اور تکلیف میں اس کا ساتھ نہ دیا جاوے۔ اگر تم کچھ بھی اس کے لئے نہیں کر سکتے تو کم از کم دعا ہی کرو۔ اپنے تو در کنار، میں تو یہ کہتا ہوں کہ غیروں اور ہندوؤں کے ساتھ بھی ایسے اخلاق کا نمونہ دکھاؤ اور ان سے ہمدردی کرو۔ لاابالی مزاج ہر گز نہیں ہونا چاہئے۔ ایک مرتبہ میں باہر سیر کو جا رہا تھا ایک پٹواری عبدالکریم میرے ساتھ تھا۔ وہ ذرا آگے تھا اور میں پیچھے۔ راستہ میں ایک بڑھیا کوئی ۷۰ یا ۷۵ برس کی ضعیفہ ملی۔ اس نے ایک خط اسے پڑھنے کو کہا مگر اس نے اسے جھڑکیاں دے کر ہٹا دیا۔ میرے دل پر چوٹ سی لگی۔ اس نے وہ خط مجھے دیا۔ میں اس کو لے کر ٹھہر گیا اور اس کو پڑھ کر اچھی طرح سمجھا دیا۔ اس پر اسے سخت شرمندہ ہونا پڑا۔ کیونکہ ٹھہرنا تو پڑا اور ثواب سے بھی محروم رہا۔“

(ملفوظات جلد چہارم، صفحہ ۸۲—۸۳، جدید ایڈیشن)

Dars 8: Sunday, 29 November 2026 — Condition X (Final Day + Quiz 3 Opens Today)

Final dars covering Condition X. Quiz 3 (Conditions VII–X) opens today; all 3 quizzes close Wed 2 Dec at 11:59 pm EST.

Bond of Brotherhood & Obedience in Everything Good · Conditions of Bai'at, Printed pp. 169–170, 191 & 193

Condition X

"That he/she shall enter into a bond of brotherhood with this humble servant of God, pledging obedience to me in everything good for the sake of God, and remain faithful to it until the day of his/her death. That he/she shall exert such a high devotion in the observance of this bond as is not to be found in any other worldly relationship and connection that demand devoted dutifulness."

Commentary (Hazrat Khalifatul-Masih V (aa))

In this condition, the Promised Messiah (as) is taking a pledge from us that by joining this organisation we are establishing a bond of brotherhood with him. Every Muslim is a brother of the other Muslim. But the relationship of love and brotherhood that is being established means much more than that. You are not merely establishing a bond of equals; instead, you are acknowledging that it is a command of Allah and His Messenger (sa) to accept the Messiah that was promised. Therefore, you are establishing this bond for the sake of Allah the Almighty. You are making this contract to uphold the religion of Allah the Almighty and to convey and spread the religion of Islam to all corners of the world. This bond can only be successful and long-lasting if you pledge to be obedient in everything good and keep this pledge until death. You should be mindful that this bond does not remain inactive, but should become stronger every day. It should be so strong and its standard should be so high that, in comparison, all other relations, bonds, and friendships should prove weaker. The bond should be so matchless and strong that in its comparison all other bonds and relations should seem meaningless.

Advising about mutual love and brotherhood, the Promised Messiah (as) says:

> "Develop brotherhood and love among yourselves and give up viciousness and dissension. Totally abstain from any kind of insult and ridicule because they distance you from truth and lead you far away. Treat each other with respect. Everyone should give priority to the comfort of his brother. Create a sincere reconciliation with Allah the Almighty and come back into His obedience.... Get rid of every kind of dispute, hostility and animosity from among yourselves because the time has come that we should abstain from petty matters and become preoccupied with important and magnificent goals."

(Malfuzat, vol. 1, pp. 266–268)

On two benefits of bai'at at the hand of the Promised Messiah (as):

> "Thus, there are two benefits of this bai'at that is done at my hand. One is that the sins are forgiven and one is entitled to clemency in accordance with the promise of Allah. The other is that by repenting in the presence of the Apostle, strength is granted and man is saved from the attacks of Satan. Be mindful that the world should not be your objective when you enter this Movement, but your objective should be the pleasure of Allah, because this world is only a passing phase and will pass by one way or the other ["A night of hardship or a night of luxury; the night will pass either way"]. Keep this world and its objectives and purposes entirely aside. Do not mix them with faith because this world is doomed to end, but the faith and its rewards are unending."

(Malfuzat, vol. 6, p. 145)

درس ۸ (اتوار ۲۹ نومبر ۲۰۲۶ء) — شرطِ بیعت نمبر ۱۰ (آخری دن اور کوئز ۳ آج کھلتا ہے)

آخری درس (شرط ۱۰)۔ کوئز ۳ (شرائط ۷ تا ۱۰) آج کھل رہا ہے؛ تینوں کوئز بدھ ۲ دسمبر رات ۱۱:۵۹ بجے بند ہوں گے۔

شرائطِ بیعت اور احمدی کی ذمہ داریاں، صفحہ ۱۶۷—۱۶۸، ۱۸۹ و ۱۹۱

شرطِ بیعت نمبر ۱۰

”یہ کہ اس عاجز سے عقدِ اخوّت محض لِلّٰہ باقرارِ طاعت در معروف باندھ کر اس پر تاوقتِ مرگ قائم رہے گا اور اس عقدِ اخوّت میں ایسا اعلیٰ درجہ کا ہوگا کہ اس کی نظیر دنیوی رشتوں اور تعلقوں اور تمام خادمانہ حالتوں میں پائی نہ جاتی ہو۔“

تشریح (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز)

اس شرط میں حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام ہم سے اس بات کا عہد لے رہے ہیں کہ گو کہ اس نظام میں شامل ہو کر ایک بھائی چارے کا رشتہ مجھ سے قائم کر رہے ہو کیونکہ ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے لیکن یہاں جو محبت اور بھائی چارے کا رشتہ قائم ہو رہا ہے یہ اس سے بڑھ کر ہے کیونکہ یہاں برابری کا تعلق اور رشتہ قائم نہیں ہو رہا بلکہ تم اقرار کر رہے ہو کہ آنے والے مسیح کو ماننے کا خدا اور رسول کا حکم ہے۔ اس لئے یہ تعلق اللہ تعالیٰ کی خاطر قائم کر رہا ہوں۔ اللہ تعالیٰ کے دین کی سربلندی اور اسلام کو اکناف عالم میں پہنچانے کے لئے، پھیلانے کے لئے رشتہ جوڑ رہے ہیں۔ اس لئے یہ تعلق اس اقرار کے ساتھ کامیاب اور پائیدار ہو سکتا ہے جب معروف باتوں میں اطاعت کا عہد بھی کرو اور پھر اس عہد کو مرتے دم تک نبھاؤ۔ اور پھر یہ خیال بھی رکھو کہ یہ تعلق یہیں ٹھہر نہ جائے بلکہ اس میں ہر روز پہلے سے بڑھ کر مضبوطی آنی چاہئے اور اس میں اس قدر مضبوطی ہو اور اس کے معیار اتنے اعلیٰ ہوں کہ اس کے مقابل پر تمام دنیاوی رشتے، تعلق، دوستیاں ہیچ ثابت ہوں۔ ایسا بے مثال اور مضبوط تعلق ہو کہ اس کے مقابل پر تمام تعلق اور رشتے بے مقصد نظر آئیں۔

آپس میں محبت اور بھائی چارے کی تعلیم دیتے ہوئے حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

> ”آپس میں اخوت اور محبت کو پیدا کرو اور درندگی اور اختلاف کو چھوڑ دو۔ ہر ایک قسم کے ہزل اور تمسخر سے مطلقاً کنارہ کش ہو جاؤ کیونکہ تمسخر انسان کے دل کو صداقت سے دور کر کے کہیں کا کہیں پہنچا دیتا ہے۔ آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ عزت سے پیش آؤ۔ ہر ایک اپنے آرام پر اپنے بھائی کے آرام کو ترجیح دیوے۔ اللہ تعالیٰ سے ایک سچی صلح پیدا کر لو اور اس کی اطاعت میں واپس آ جاؤ۔..... ہر ایک آپس کے جھگڑے اور جوش اور عداوت کو درمیان میں سے اٹھا دو کہ اب وہ وقت ہے کہ تم ادنیٰ باتوں سے اعراض کر کے اہم اور عظیم الشان کاموں میں مصروف ہو جاؤ۔“

(ملفوظات جلد اول، صفحہ ۲۶۶تا۲۶۸)

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ہاتھ پر بیعت کرنے کے دو فائدے:

> ”غرض اس بیعت سے جو میرے ہاتھ پر کی جاتی ہے دو فائدے ہیں: ایک تو یہ کہ گناہ بخشے جاتے ہیں اور انسان خدا تعالیٰ کے وعدہ کے موافق مغفرت کا مستحق ہوتا ہے۔ دوسرے مامور کے سامنے توبہ کرنے سے طاقت ملتی ہے اور انسان شیطانی حملوں سے بچ جاتا ہے۔ یاد رکھو کہ اس سلسلہ میں داخل ہونے سے دنیا مقصود نہ ہو بلکہ خدا تعالیٰ کی رضا مقصود ہو کیونکہ دنیا تو گزرنے کی جگہ ہے وہ تو کسی نہ کسی رنگ میں گزر جائے گی۔ شب تنور گذشت و شب سمور گذشت۔ دنیا اور اس کے اغراض اور مقاصد کو بالکل الگ رکھو۔ ان کو دین کے ساتھ ہرگز نہ ملاؤ کیونکہ دنیا فنا ہونے والی چیز ہے اور دین اور اس کے ثمرات باقی رہنے والے۔“

(ملفوظات جلد ششم، صفحہ ۱۴۵)

مکمل روزانہ مطالعہ اور آن لائن کوئز: https://talim.ca/ashratalim